تعارف وتبصرہ

مطبوعات جدیدہ

تبصرہ نگار: محمد عبداللہ مدنی فاضل مدینہ یونیورسٹی

نام کتاب: حقوق اللہ مصنف: حافظ صلاح الدین یوسف۔ حفظہ اللہ صفحات: **(44)**

ناشر: دارالسلام: ریاض ۔ جدہ ۔ شارجہ ۔ لاہور ۔ کراچی ۔ لندن ۔ ھیوسٹن ۔ نیویارک

اس کتاب میں مصنف۔حفظہ اللہ۔نے پانچ حقوق کا ذکر کیا ہے۔

پہلا حق: توحید الٰہی ،توحید کا مسئلہ ایک بنیادی مسئلہ ہے جس کی ہر نبی اور رسول نے سب سے پہلے اپنی قوم کو دعوت دی اور یہ اسلام کا مرکز ومحور اور اساس ہے اور یہ حق تمام حقوق سے پہلے ہے۔

دوسرا حق: نماز ، عقیدہ توحید کے بعد اللہ کے حقوق میں سب سے اہم حق نماز ہے۔

تیسرا حق: زکوۃ ، چوتھا حق: روزہ ، پانچواں حق: حج بیت اللہ۔

کتابت،طباعت وکاغذ نہایت معیاری ہے۔یہ کتاب طلبہ،علماء اور خطباء سب کیلئے نفع بخش اور مفید ہے۔

نام کتاب: حقوق الوالدین مصنف: حافظ صلاح الدین یوسف۔ حفظہ اللہ صفحات: **(24)**

ناشر: دارالسلام: لاہور

اس کتاب میں مصنف۔حفظہ اللہ۔نے ماں باپ کے حقوق کا ذکر بہترین انداز میں کیا ہے۔والدین کا حق ،حقوق العباد میں سب سے مقدم حق ہے اور یہ اتنا اہم حق ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے حق عبادت کے بعد جس حق کا ذکر کیا ہے وہ والدین کا حق ہے۔اللہ تعالیٰ نے فرمایا(**و قضی ربک الا تعبدوا الا ایاہ وبالوالدین احسانا**)اس لئے یہ بہت ضروری ہے کہ ہم والدین کے حقوق کا پورا پورا خیال رکھیں۔اس حق میں قرآن وحدیث سے ہمیں جو رہنمائی ملتی ہے۔اس کے مطابق اپنے رویوں کو درست اور کردار کی تعمیر کریں۔اس موضوع پر یہ کتاب لائق مطالعہ ہے اور اس قابل ہے کہ اسے گھر گھر پھیلایا جائے اور پڑھایا جائے۔

نام کتاب: حقوق العباد مصنف: حافظ صلاح الدین یوسف۔ حفظہ اللہ صفحات: **(72)**

ناشر: دارالسلام: لاہور

اس کتاب میں مصنف۔حفظہ اللہ۔نے حقوق العباد کا ذکر کیا ہے۔حقوق العباد کا مطلب ہے، بندوں کے